HBL ASSET MANAGEMENT LTD.
ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ

**Frequently Asked Questions (FAQs) on Conversion of HBL Growth Fund "HGF" (Formerly: PICIC Growth Fund "PGF") and HBL Investment Fund "HIF" (Formerly: PICIC Investment Fund "PIF") from Closed-end to Open-end Scheme**

1. Why HGF and HIF have been converted into Open-end schemes?

   HGF and HIF have been converted as per order of SECP.

2. What is the structure of both funds after conversion?

   HGF and HIF have been converted into Open-end Schemes, with bifurcation of two classes of Units i.e. Class-A and Class-B Units.

   Class-A Units of the Open-end Scheme have been allotted with the ratio of 1:1 out of the Frozen Portfolio also known as Class-A Segment which would remain listed and tradable on PSX (stock exchange) as certificate of Closed-end Funds and would be tradable at Market value.

   Class-B Units of the Open-end Scheme have been allotted with the ratio of 1:1 out of the Unfrozen Portfolio and remaining Net Assets also known as Class-B Segment which will be redeemable at applicable price based on Net Asset Value (NAV) after deduction of Back-end Load, subject to completion of Account Opening formalities of HBL AML to activate certificate-holder account.

   Now, HBL AML is also authorized to offer new Class-C Units from unfrozen portfolio subject to front-end load as per Constitutive Documents of respective funds.

3. What is the proportion of Class A and Class B units?

   One unit of Class A and one unit of Class B of the Open-end Scheme have been issued for each certificate of closed-end fund.

   Class A units are not redeemable but would remain listed and tradable on PSX (stock exchange) after adjustment of price on PSX due to issuance of Class-B Units to the existing Certificate Holders. Where as, Class B unit are redeemable with a back end load.

   Ratio of price adjustment was based on proportion related to Class-B Segment in Net Assets on last day of the book closure i.e. June 30, 2018.

4. What is the Effective Date of funds conversion?

   Effective Date of funds conversion is July 02, 2018 thereafter both Funds have been converted into Open-end Schemes.

5. What is procedure to activate my account?

   Account will be activated after receiving duly filled Account Opening Form along with supporting documents by Retail Sales at Head Office or HBL AML Branches or designated Branches of Habib Bank Limited (HBL) or Distributors offices.

   HBL AML have sent Account Statements along with Guidelines (Procedure for Account Activation and Redemption) after Effective Date of Conversion to Certificate-holders at their registered addresses.

6. Is it necessary to activate my account if already have CDC / broker account or having physical certificate?

Yes, to enable us to complete KYC / CDD formalities as per SECP directives.

7. How and when I can redeem my units after conversion of Funds?

You can redeem Class-B units immediately after Effective Date of conversion subject to Back end Load as mentioned hereafter by filling a Redemption Form. Kindly refer procedure for further understanding.

8. What is the TAT for Redemption of Units?

As per regulation, it is six business (working) days after receiving the complete and dully filled Redemption Form which may be filled after Effective Date of Conversion of the funds.

9. Is there any Back-end load (BEL)?

Yes, BEL shall form part of the Trust Property and will be charged on Class-B Units as following:

| **of NAV** | **Period** |
|---|---|
| 10% | If Units redeemed within six (06) months from the Effective Date |
| 5% | If Units redeemed after expiry of six (06) months but before the expiry of one (01) year from the Effective Date |
| Nil | If Units redeemed after the expiry of one (01) year from the Effective Date |

BEL may also be charged on Class-A Units after unfreezing of the Frozen Portfolio, with similar tariff. However, BEL will not be charged on redemption of bonus or additional (dividend re-invested) Units.

10. How long do I need to hold my investment to wave Back-end load on Class-B Units?

One year from Effective Date of Conversion.

11. Do I have to submit the Affidavit (ZD-50) to avail Zakat exemption, if already submitted to CDC / broker?

Yes, this will be treated as fresh account with HBL AML.

12. Who is the Registrar / Transfer Agent after Conversion?

Class-A Segment:
THK Associates (Private) Limited is the registrar of Class-A Segment.

Class-B Segment:
HBL AML (the Management Company) is the registrar of Class-B Segment.

13. When do you collect Capital Gain Tax (CGT)?

Class-A Segment:
NCCPL will continue to collect and deduct CGT on Class-A Units as usual process for Closed-end Fund / Listed Securities as per law which are listed and tradable on PSX after Conversion.

Class-B Segment:
The Management Company will collect and deduct CGT at the time of redemption (or investment withdrawal) of Class-B Units and deposit with NCCPL as per law applicable on Open-end Scheme.

14. How do you calculate Capital Gain Tax (CGT)?

Class-A Segment:
NCCPL will continue to calculate CGT as usual process for Closed-end Fund / Listed Securities as per law but cost of purchase of all holding before the Effective Date will be reduced with the

proportionate ratio of Frozen Portfolio in Net Assets as on last day of the Book Closure i.e. June 30, 2018.

For Class-B Segment:
The Management Company will calculate CGT as usual process for Open-end Scheme as per law but cost of purchase of all holding before the Effective Date will be reduced with the proportionate ratio of Unfrozen Portfolio in Net Assets as on last day of the Book Closure i.e. June 30, 2018.

15. What is the procedure to receive returned or undelivered Dividend Warrants?

Please write a letter to THK Associates (Private) Limited with reference to your existing Folio Number of Class-A Units along with your valid CNIC copy to retrieve your previous returned or undelivered Dividend Warrants, if any.

16. What is the procedure to receive revalidate Dividend Warrants?

Please write a letter to THK Associates (Private) Limited along with reference to your existing Folio Number of Class-A Units along with your valid CNIC copy and Dividend Warrants for revalidation.

17. How do we contact THK Associates (Private) Limited?

Please note following details:

Public Dealing Timing (Monday to Friday)
9:30 am to 12:30 pm and 2:30 pm to 4:30 pm

Mr. Tauqir Abdi
Head Office
1st Floor, 40-C, Block-6, PECHS
Karachi 75530, Pakistan.

UAN: +92 (21) 111-000-322 Ext: 107 /114
Phone: +92 (21) 34168270, 67, 66 & 343 84050
Fax: +92 (21) 34168271,
Email: sfc@thk.com.pk

Branch Office
1st Floor, 147, "Q" Block, Johar Town,
Lahore.

Phone: +92 (42) 35458461
Email: thklhr@thk.com.pk

18. What is the procedure for Account Opening / Activation?

Please read Account Opening / Activation process as mentioned in Guideline.

19. What is the procedure for Redemption of Class-B Units?

Please read Redemption process as mentioned in Guideline.

20. Do I need to submit existing old Physical Certificates of Closed-end Funds before Redemption, in case of physical holding?

Yes for further details, please read Redemption process as mentioned in Guideline.

21. What is the procedure to retrieve CDS Redemption Report for Units Redemption, in case of CDS holding?

Please read process to execute Redemption request on CDS terminal as mentioned in Guideline.

Disclaimer: FAQs are prepared for your information, kindly read the Restated Trust Deeds and Offering Documents of the Funds for further understanding.

HBL ASSET MANAGEMENT LTD.
ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ

## ایچ بی ایل گروتھ فنڈ ''ایچ جی ایف'' (سابق: پک اِک گروتھ فنڈ ''پی جی ایف'') اور ایچ بی ایل انویسٹمنٹ فنڈ ''ایچ آئی ایف'' (سابق: پک اِک انویسٹمنٹ فنڈ ''پی آئی ایف'') کی کلوز ڈ اینڈ سے اوپن اینڈ اسکیم میں تبدیلی کے بارے میں عمومی طور پر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs)

-1 ایچ جی ایف اور ایچ آئی ایف کو کیوں اوپن اینڈ اسکیموں میں تبدیل کیا گیا؟

ایچ جی ایف اور ایچ آئی ایف کو ایس ای سی پی کے حکم کے مطابق تبدیل کیا گیا۔

-2 تبدیلی کے بعد دونوں فنڈز کا اسٹرکچر کیا ہے؟

ایچ جی ایف اور ایچ آئی ایف کو اوپن اینڈ اسکیموں میں یونٹس کی دو کلاسوں یعنی کلاس اے اور کلاس بی یونٹس کی تقسیم کے ساتھ تبدیل کیا گیا ہے۔

اوپن اینڈ اسکیم کے کلاس اے یونٹس فروزن (منجمد) پورٹ فولیو، جسے کلاس اے سیگمنٹ بھی کہا جاتا ہے، میں سے 1:1 کے تناسب سے الاٹ کئے گئے ہیں جو پی ایس ایکس (اسٹاک ایکسچینج) میں کلوز ڈ اینڈ فنڈز کے سرٹیفکیٹ کے طور پر لسٹڈ اور قابل تجارت ہیں۔

اوپن اینڈ اسکیم کے کلاس بی یونٹس ان فروزن (غیر منجمد) پورٹ فولیو اور باقیماندہ مجموعی اثاثہ جات جسے کلاس بی سیگمنٹ کہا جاتا ہے، میں سے 1:1 کے تناسب سے الاٹ کئے گئے ہیں۔ جو بیک اینڈ لوڈ کی کٹوتی کے بعد نیٹ ایسیٹ ویلیو (NAV) کی بنیاد پر ریڈیم کرائے جا سکیں گے اور یہ سرٹیفکیٹ ہولڈر کا اکاؤنٹ ایچ بی ایل اے ایم ایل کے پاس فعال کرنے کی کارروائیاں مکمل کرنے سے مشروط ہے۔

اسی طرح ایچ بی ایل اے ایم ایل فروزن (منجمد) پورٹ فولیو کے کلاس اے سیگمنٹ اور ان فروزن (غیر منجمد) پورٹ فولیو کے کلاس بی سیگمنٹ کے لئے الگ الگ این اے ویز (NAVs) جاری کرے گی۔

اب ایچ بی ایل اے ایم ایل ان فروزن (غیر منجمد) پورٹ فولیو سے نئے کلاس سی یونٹس کی پیشکش کی بھی مجاز ہے جو متعلقہ فنڈز کی آئینی دستاویزات کے مطابق فرنٹ اینڈ لوڈ سے بھی مشروط ہیں۔

-3 کلاس اے اور کلاس بی یونٹس کا تناسب کیا ہے؟

اوپن اینڈ اسکیم کے کلاس اے کا ایک یونٹ اور کلاس بی کا ایک یونٹ کلوز ڈ اینڈ فنڈ کے ہر ایک سرٹیفکیٹ کے لئے جاری کیا گیا ہے۔

کلاس اے یونٹس ریڈیم (Redeem) نہیں کرائے جا سکتے۔ لیکن یہ پی ایس ایکس (اسٹاک ایکسچینج) پر کلاس بی یونٹس کے اجرا کے باعث نرخوں کی کمی (ایڈجسٹمنٹ) کے بعد لسٹڈ اور قابل تجارت ہیں۔

ایڈجسٹمنٹ کی شرح کتاب کی بندش کے آخری دن یعنی 30 جون 2018 پر مجموعی اثاثہ جات میں کلاس بی سیگمنٹ سے متعلق تناسب پر منحصر تھی۔

-4 فنڈز تبدیل ہونے کے موثر ہونے کی تاریخ کیا ہے؟

فنڈز کی تبدیلی کے موثر ہونے کی تاریخ 02 جولائی 2018 ہے جس کے بعد دونوں فنڈز اوپن اینڈ اسکیموں میں تبدیل کر دیئے گئے ہیں۔

-5 میرے اکاؤنٹ کو ایکٹیویٹ کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

باقاعدہ پُر شدہ اکاؤنٹ اوپننگ فارم (کھاتہ کھولنے کے فارم) بشمول تائیدی دستاویزات ریٹیل سیلز بمقام ہیڈ آفس یا ایچ بی ایل اے ایم ایل برانچز یا حبیب بینک لمیٹڈ (ایچ بی ایل) کی نامزد کردہ برانچوں یا ڈسٹری بیوٹرز کے دفاتر میں موصول ہو جانے کے بعد اکاؤنٹ ایکٹیویٹ (فعال) کر دیا جائے گا۔

ایچ بی ایل اے ایم ایل اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹس بشمول رہنما ہدایات (اکاؤنٹ ایکٹیویٹ کرانے اور ریڈمشن کے لئے طریقہ کار) تبدیلی کے موثر ہونے کی تاریخ کے بعد سرٹیفکیٹ ہولڈرز کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کر دیئے گئے ہیں۔

-6 کیا میرا اکاؤنٹ فعال (ایکٹیویٹ) کرانا لازمی ہے اگر سی ڈی سی/ بروکر اکاؤنٹ پہلے سے موجود ہو یا فزیکل سرٹیفکیٹ موجود ہوں؟

جی ہاں، تاکہ ہم ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق کے وائی سی/سی ڈی ڈی کی کارروائیاں مکمل کر لیں۔

-7 فنڈز کی تبدیلی کے بعد میں کب اور کس طرح اپنے یونٹس کو ریڈیم کرا سکتا ہوں؟

آپ تبدیلی کے موثر ہونے کی تاریخ کے فوری بعد کلاس بی یونٹس ریڈیم کرا سکتے ہیں جو بیک اینڈ لوڈ سے مشروط ہے۔ اس کو مزید بہتر سمجھنے کے لئے برائے مہربانی رہنما ہدایات میں درج ریڈمشن فارم جمع کرانے کے طریقہ کار کا مطالعہ کریں۔

-8 یونٹس کی ریڈمشن کے بعد رقم کی ادائیگی کب تک ہوگی؟

ضوابط کے مطابق مکمل اور باقاعدہ پُرشدہ ریڈمشن فارم، جو فنڈز کی تبدیلی کے موثر ہونے کی تاریخ کے بعد بھرا جا سکتا ہے، کی موصولی کے بعد چھ کاروباری ایام میں کی جائے گی۔

-9 کیا اس میں کوئی بیک اینڈ لوڈ (BEL) ہے؟

جی ہاں، بی ای ایل (BEL) ٹرسٹ پراپرٹی کا حصہ ہوگا اور بی کلاس یونٹس پر درج ذیل شرح کے مطابق چارج کیا جائے گا:

| این اے وی (NAV) کا | مدت |
|---|---|
| 10 فیصد | موثر ہونے کی تاریخ سے چھ (06) ماہ کے اندر یونٹس کی ریڈمشن کرانے کی صورت میں |
| 5 فیصد | چھ (06) ماہ کی مدت ختم ہونے کے بعد تاہم موثر ہونے کی تاریخ سے ایک (01) سال کی مدت ختم ہونے سے قبل یونٹس کی ریڈمشن کرانے کی صورت میں |
| کچھ نہیں | موثر ہونے کی تاریخ سے ایک (01) سال کی مدت گزر جانے کے بعد یونٹس کی ریڈمشن کرانے کی صورت میں |

بی ای ایل (BEL) فروزن (منجمد) پورٹ فولیو کو غیر منجمد کرانے کے بعد کلاس اے یونٹس پر بھی اسی شرح سے چارج کیا جائے گا۔ تاہم بی ای ایل (BEL) بونس یا اضافی (منافع منقسمہ کی دوبارہ سرمایہ کاری) یونٹس کی ریڈمشن پر چارج نہیں کیا جائے گا۔

-10 کلاس بی یونٹس پر بیک اینڈ لوڈ معاف کرانے کے لئے مجھے اپنی سرمایہ کاری کب تک برقرار رکھنے کی ضرورت ہے؟

تبدیلی کے موثر ہونے کی تاریخ سے ایک سال تک۔

-11 زکوٰۃ سے استثنیٰ کے لئے کیا مجھے حلف نامہ (ZD-50) جمع کرانا ہوگا اگر یہ پہلے ہی سی ڈی سی/ بروکر کو جمع کرایا جا چکا ہو؟

جی ہاں، یہ ایچ بی ایل اے ایم ایل کے پاس نیا اکاؤنٹ تصور کیا جائے گا۔

-12 منتقلی کے بعد رجسٹرار/ ٹرانسفر ایجنٹ کون ہے؟

کلاس اے سیگمنٹ:
ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ کلاس اے سیگمنٹ کی رجسٹرار ہے۔

کلاس بی سیگمنٹ:
ایچ بی ایل اے ایم ایل (انتظامی کمپنی) کلاس بی سیگمنٹ کی رجسٹرار ہے۔

-13 آپ کب کیپیٹل گین ٹیکس (سی جی ٹی) وصول کریں گے؟

کلاس اے سیگمنٹ:
این سی سی پی ایل تبدیلی کے بعد قانون کے مطابق کلوز ڈ اینڈ فنڈ/لسٹڈ سیکیورٹیز کے لئے عمومی طریقہ کار کے تحت کلاس اے یونٹس پر سی جی ٹی کی وصولی اور کٹوتی جاری رکھے گا جو کہ پی ایس ایکس میں لسٹڈ اور قابل تجارت ہیں۔

کلاس بی سیگمنٹ:
انتظامی کمپنی اوپن اینڈ اسکیم پر لاگو قانون کے مطابق کلاس بی یونٹس کے ریڈمشن کے وقت (یا سرمایہ کاری کے تحلیل کے وقت) سی جی ٹی کی وصولی اور کٹوتی کرے گی اور این سی سی پی ایل کے پاس جمع کرائے گی۔

-14 آپ کیپیٹل گین ٹیکس (CGT) کا تخمینہ کیسے لگائیں گے؟

کلاس اے سیگمنٹ:
این سی سی پی ایل کلوز ڈ اینڈ فنڈ/ لسٹڈ سیکیورٹیز کے لئے مروجہ طریقہ کار کے مطابق سی جی ٹی کا تخمینہ لگاتا رہے گا جیسا کہ قانون کے مطابق طے ہے۔ تاہم موثر العمل ہونے کی تاریخ سے قبل تمام سرٹیفکیٹس کی قیمت خرید کتاب کی بندش کے آخری روز یعنی 30 جون 2018 کے مطابق خالص اثاثہ جات میں فروزن (منجمد) پورٹ فولیو کے تناسب کی شرح کے حساب سے کم کی گئی ہے۔

کلاس بی سیگمنٹ:

انتظامی کمپنی اوپن اینڈ اسکیم کے لئے قانون کے مطابق مروجہ طریقہ کار کے تحت سی جی ٹی کا تخمینہ لگائے گی۔تاہم موثر العمل ہونے کی تاریخ سے قبل تمام سرٹیفکیٹس کی قیمت خرید کتاب کی بندش کے آخری دن یعنی 30 جون 2018 کے مطابق خالص اثاثہ جات میں ان فروزن (غیر منجمد) پورٹ فولیو کے تناسب کی شرح کے حساب سے کم کی گئی ہے۔

-15 غیر موصول شدہ منافع منقسمہ کے وارنٹس (Dividend Warrants) کی وصولی کا طریقہ کار کیا ہے؟

برائے مہربانی غیر موصول شدہ منافع منقسمہ کے وارنٹس کو حاصل کرنے کے لئے ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کلاس اے یونٹس کے فولیو نمبر اور اپنے سی این آئی سی کی کارآمد کاپی کے ہمراہ لیٹر لکھیں۔

-16 منافع منقسمہ کے وارنٹس (Dividend Warrants) کو فعال کرنے کے لئے کیا طریقہ کار ہے؟

برائے مہربانی ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کلاس اے یونٹس کے فولیو نمبر اور اپنے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی اور منافع منقسمہ کے وارنٹس کے ساتھ فعال (revalidation) بنانے کے لئے خط لکھیں۔

-17 ہم ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے رابطہ کیسے کریں؟

برائے مہربانی درج ذیل تفصیلات نوٹ کریں:

عوامی رابطے (پبلک ڈیلنگ) کے اوقات کار (پیر تا جمعہ)

صبح 9:30 بجے تا دوپہر 12:30 بجے اور سہ پہر 2:30 تا شام 4:30

جناب توقیر عابدی

ہیڈ آفس

پہلی منزل، 40-سی، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس

کراچی-75530، پاکستان

یو اے این: 332-000-111 (21) 92+ ایکسٹینشن: 107/114

فون نمبر: 34168270,67,66 & 34384050 (21) 92+

فیکس: 34168271 (21) 92+

ای میل: sfc@thk.com.pk

برانچ آفس

پہلی منزل، 147، ''کیو' بلاک، جوہر ٹاؤن

لاہور

فون نمبر: 35458461 (42) 92+

ای میل: thklhr@thk.com.pk

-18 اکاؤنٹ ایکٹیویٹ کرانے کے لئے طریقہ کار کیا ہے؟

برائے مہربانی اکاؤنٹ ایکٹیویٹ کرانے کے لئے رہنما ہدایات میں درج طریقہ کار پڑھیں۔

-19 کلاس بی یونٹس کی ریڈمشن کے لئے کیا طریقہ کار ہے؟

برائے مہربانی ریڈمشن کا طریقہ کار پڑھیں جیسا کہ رہنما ہدایات میں درج ہے۔

-20 فزیکل ہولڈنگ کی صورت میں کیا مجھے ریڈمشن سے قبل کلوز ڈ اینڈ فنڈز کے موجودہ فزیکل سرٹیفکیٹس جمع کرانے کی ضرورت ہے؟

جی ہاں، مزید تفصیلات کے لئے برائے مہربانی رہنما ہدایات میں درج ریڈمشن کا طریقہ کار پڑھیں۔

-21 سی ڈی ایس ہولڈنگ کی صورت میں یونٹس کی ریڈمشن کے لئے سی ڈی ایس ریڈمشن رپورٹ حاصل کرنے کا کیا طریقہ کار ہے؟

برائے مہربانی سی ڈی ایس ٹرمینل پر ریڈمشن کی درخواست دینے کا طریقہ کار پڑھیں جیسا کہ رہنما ہدایات میں درج ہے۔

انتباہ: ایف اے کیوز (FAQs) آپ کی معلومات کے لئے تیار کئے گئے ہیں۔ برائے مہربانی مزید معلومات اور بہتر طور پر سمجھنے کے لئے فنڈز کی ری اسٹیٹڈ ٹرسٹ ڈیڈز اور آفرنگ دستاویزات کا جائزہ لیں۔